## بین الاقوامی سازش اور ایک ماسٹر پلان کے تحت پاکستان کا ناطہ ایران،عراق سے جوڑ کر اسے نشانہ بنانے کی سازش کی جارہی ہے،شیخ رشید

## موجودہ حکومت کی ترجیحات کی سمت درست نہ ہونے کے باعث ملک تیزی سے عدم استحکام کی طرف جارہا ہے،ڈاکٹر فاروق ستار

## نائن زیرو کے دورے اور رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ سیاست عقل اور شعور کا کھیل ہے بعض لوگ اسے دل سے کھیل رہے ہیں سیاسی قوت کا ضائع کرنا بیوقوفی ہے،متحدہ قومی موومنٹ ہی سیاست کا کھیل عقل سے کھیل رہی ہے اس نے موجودہ صورتحال میں جو طرز سیاست اپنا رکھی ہے وہ قابل ستائش وتعریف ہےعوامی مسلم لیگ بھی ایم کیوایم کے ''میگا پروجیکٹس'' کا ایک حصہ ہے۔وہ بدھ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیوایم کے رہنماؤں سے ملاقات کے دوران اور بعدازاں اخبارنویسوں سے گفتگو کررہے تھے۔اس سے قبل شیخ رشید نے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی سے ایک گھنٹہ سے زائد ملاقات کی۔ملاقات میں شیخ رشید احمد کے ہمراہ عوامی مسلم لیگ کراچی کے صدر محفوظ یار خان ایڈووکیٹ،جنرل سیکریٹری متین الرحمٰن،شاہد رانا اور دیگر جبکہ متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے ڈپٹی کنوینر رابطہ کمیٹی ڈاکٹر فاروق ستار،شیخ لیاقت حسین،رابطہ کمیٹی کے اراکین عادل صدیقی،شاہد لطیف اور اشفاق منگی شامل تھے۔شیخ رشید احمد نے کہا کہ دنیا میں پاکستان تنہا ہونے جارہا ہے،بین الاقوامی سازش اور ایک ماسٹر پلان کے تحت پاکستان کا ناطہ ایران،عراق سے جوڑ کر اسے نشانہ بنانے کی سازش کی جارہی ہے،قبائلی علاقوں کے مسائل کے حل کیلئے حکومت کو طالبان یا امریکہ دونوں میں سے کسی ایک کا ساتھ دینے کا اعلان کرنا ہوگا۔عوامی مسلم لیگ پاکستان کی وفادار پارٹی ہے اور ہم متوسط اور غریب لوگوں کی آواز بننا چاہتے ہیں،موجودہ حکومت اکتوبر،نومبر تک ہی نظر آرہی ہے۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ عوامی مسلم لیگ بننے کے بعد سب سے پہلے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے فون پر مبارکباد دی۔انہوں نے کہا کہ او آئی سی نے کھلے لفظوں میں کہہ دیا ہے کہ ملک شدید بحران سے دوچار ہے اور یہ ایک خطرناک صورتحال کی طرف گامزن ہونے جارہا ہے۔عالمی بینک نے بھی اپنی رپورٹ میں واضح کردیا ہے کہ پاکستان میں اقتصادی بم کسی لمحے بھی پھٹ سکتا ہے۔موجودہ حکومت نے 100 دن پورے ہونے کے نزدیک پہنچ جانے کے بعد بھی اب تک کوئی اقتصادی ٹریڈ یا لیبر پالیسی نہیں بنائی ہے اور وہ صرف ججز کے معاملے پر رو رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمران صرف اپنی بال اور ہاکی کے ساتھ کھیلنے میں مصروف ہیں،ملک کے 16 کروڑ عوام کی کسی کو کوئی فکر نہیں۔موجودہ حکمرانوں نے متحدہ قومی موومنٹ سے مفاہمت کرکے عقل کا کام کیا ہے اس کے باعث ملک اور سندھ کے عوام کو ٹھنڈی ہوا ملی ہے۔اب موجودہ صورتحال میں حکومت کو پہلی فرست میں فاٹا،بلوچستان اور خیبر ایجنسی کی صورتحال پر کام کرنا ہوگا۔ایک سوال کے جواب میں شیخ رشید نے کہا کہ چوہدری افتخار کو حکومت بحال کرے تو ہماری جان چھوٹے تاہم وہ بھی پی سی او کے تحت حلف اٹھانے والے جج ہیں۔ایک اور سوال پر انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کو وزیراعلیٰ پنجاب بنانے میں آصف زرداری کا بڑا ہاتھ ہے۔انہوں نے کہا کہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد موجودہ صورتحال میں واحد شخصیت ہیں جو بہترین سیاسی کردار ادا کررہے ہیں اور وہ متحدہ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایات پر معاملہ فہمی سے کام لے رہے ہیں اور ملک کو اس وقت معاملہ فہمی کی ہی ضرورت ہے۔موجودہ حکومت کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ میں نے پہلے بھی 90 دن کا کولیشن چلنے کا عندیہ دیا تھا تاہم وہ 45 دن میں ہی پورا ہوگیا اور موجودہ حکومت بھی اکتوبر،نومبر تک وقت پورا کرتی نظر آتی ہے۔جب جولائی کے بل عوام کے گھروں میں آئیں گے و عوام کو دن میں بھی تارے نظر آجائیں گے۔انہوں نے صدر کے مواخذے کے سوال پر کہا کہ اس کیلئے 294 اراکین کی ضرورت ہوگی جو ان کے پاس نہیں ہے۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ موجودہ حکومت کی ترجیحات کی سمت درست نہ ہونے کے باعث ملک تیزی سے عدم استحکام کی طرف جارہا ہے اگر موجودہ صورتحال میں ملک کی بگڑتی معاشی صورتحال کا فوری نوٹس نہ لیا گیا اور مہنگائی،بے روزگاری،غربت،پانی اور بجلی کے بحران پر توجہ نہ دی گئی تو مہنگائی کے سونامی کو روکنا ناممکن ہوجائے گا۔اس صورتحال میں سب کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا ورنہ صورتحال ناقابل واپسی ہوجائے گی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہماری ترجیحات میں معاشی اور سیاسی ترقی،انتہا پسندی اور دہشت گردی کی روک تھام اور بنیادی اصلاحات اور فیوڈل ازم کا خاتمہ اولین ترجیح ہونا چاہئے اگر ہم نے ایسا نہ کیا تو پھر کرزئی اور ان جیسے دوسروں کو بھی ہمارے ملک کے خلاف بولنے کی شہہ ملے گی اور ہم کسی کو بھی سرحدوں کی خلاف ورزی سے نہیں روک سکیں گے۔ملک کے عوام اپنے مسائل کا مستقل حل چاہتے ہیں اور تمام بنیادی مسائل کا پائیدار حل ہی ملک کے مفاد میں ہے۔انہوں نے کہا کہ عوامی مسلم لیگ کے سربراہ کی نائن زیرو آمد پر ہم نے انہیں خوش آمدید کہا ہے کیونکہ ان کا نظریہ بھی متحدہ قومی موومنٹ کے نظریئے کے تحت غریب اور متوسط طبقے کی خدمت کرنا ہے۔

## عوام وکارکنان ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش کے والد محمد رمضان اور امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن گل محمد کی والدہ ثمر جہاں کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین

لندن۔۔25جون2008ء۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش کے والد محمد رمضان اور ایم کیوایم امریکہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن گل محمد کی والدہ ثمر جہاں کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دعا ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے عوام و کارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ محمد رمضان اور ثمر جہاں کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر سلیم دانش کے والد محمد رمضان اور گل محمد کی والدہ ثمر جہاں فالج کے عارضہ میں مبتلا ہیں اور وہ کراچی کے مقامی ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## ایم کیوایم یوکے یونٹ کے کارکن فرخ حسن کی والدہ عابدہ سرفراز کے انتقال الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔25جون2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے کارکن فرخ حسن کی والدہ عابدہ سرفراز کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے فرخ حسن سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے(آمین)

## ایم کیوایم یوکے کے کارکن فرخ حسن کی والدہ عابدہ سرفراز کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔25جون2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم یوکے یونٹ کے کارکن فرخ حسن کی والدہ عابدہ سرفراز کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔دریں اثناء ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی فرخ حسن کی والدہ عابدہ سرفراز کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆